عرض ہے کہ یہ جواز بلاشبہ بلا جواز ہے۔اس مشکل کا حل تو یہ ہے کہ ان ہندسوں کا استعمال عام کیا جائے نہ کہ انہیں بالکل ہی متروک قرار دیا جائے؟ امید ہے کہ ان معروضات پر ضرور غور کیا جائے گا، کتاب میں احادیث کا مختصر حوالہ بھی غالباً اختصار کی غرض سے حذف کر دیا گیا ہے، جب کہ اصل کتاب میں موجود ہے، بہتر ہوتا کہ اسے برقرار رکھا جاتا۔

کتاب اچھے معیار پر طبع ہوئی ہے، اور یقیناً ضرورت کو پورا کرتی ہے۔

نام کتب: مختصر رحمۃ للعالمین

مولف: قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوریؒ

مرتب: پروفیسر مولانا محمد رفیق چودھری

صفحات: ۳۸۳

قیمت: ۱۸۰/روپے

ناشر: مکتبہ قرآنیات لاہور

تبصرہ نگار: ولی حسینی

رحمۃ للعالمین اور سیرت النبی دونوں کا زمانہ تالیف تقریبا ایک ہی ہے، البتہ اسلوب مختلف ہے، اور بوجوہ ان دونوں کی اہمیت اور امتیاز مسلم ہے، خود سیرت النبی کے شریک مؤلف علامہ سید سلیمان ندوی رحمہ اللہ بھی اس کے معترف ہیں، جس کا اظہار انہوں نے اس کی جلد سوم کے آغاز میں اپنے مقدمے میں کیا ہے، خصوصیت کے ساتھ کلامی اسلوب میں سیرت کے ذخیرے میں نہ صرف یہ اولیت کا شرف رکھتی ہے، بلکہ اب تک اس معیار کی واحد کتاب بھی کہی جا سکتی ہے۔ یہ کتاب بھی تین جلدوں میں ہونے کے سبب خاصی ضخامت کی حامل ہے، اس بنا پر قارئین کی ضرورت اور سہولت کے مدنظر جناب پروفیسر مولانا محمد رفیق چودھری نے اس کتاب کا بھی ایک جلد میں اختصار فرمایا ہے، اس کے اختصار میں بھی وہی انداز اختیار کیا گیا ہے، جو سیرت النبی کے سلسلے میں اوپر بیان ہو چکا ہے، ہماری دانست میں اس میں بھی احادیث اور بائبل کے حوالہ جات بالاختصار ہی سہی اگر درج کر دیے جاتے تو بہتر تھا۔ یہ کتاب بھی رجحان کے مطابق طبع ہوئی ہے۔